NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY.

Workers' Compensation Board

# وکیل برائے زخمی کارکنان

وکیل برائے زخمی کارکنان کا دفتر، ریاست نیو یارک میں ملازمت کے دوران زخمی یا بیمار ہونے والے کارکنان کو معاونت دینے کی خاطر منفرد سروس پیش کرتا ہے۔ وکیل کا عملہ زخمی کارکنان کو رہنمائی اور معلومات فراہم کرتا ہے تاکہ وہ ورکرز کمپنسیشن کے نظام میں اپنے حقوق کا تحفظ کر سکیں۔

اگر آپ زخمی کارکن کی حیثیت سے اپنے حقوق کے بارے میں غیر یقینی کا شکار ہیں، تو مدد ایک فون کال کی دوری پر ہے۔ (877) 632-4996 پر کال کریں اور **وکیل برائے زخمی کارکنان کے دفتر** کے لیے درخواست کریں۔ دفترِ وکیل کا عملہ آپ کو درج ذیل کے بارے میں بلا تامل جواب دے سکتا ہے:

- دعویٰ کیسے دائر کریں
- موت کی صورت میں کیا کرنا چاہیئے
- کون سے فارمز استعمال کیے جاتے ہیں
- کس کا احاطہ کیا جاتا ہے
- متنازعہ دعویٰ جات
- سماعت اور اپیل کرنے کے حقوق
- بروقت دائر کرنا
- ریکارڈ رکھنا
- اپنے طبی علاج میں آپ کا کردار
- کیا طبی وظائف دستیاب ہیں
- بحالی اور سماجی کام

وکیل برائے زخمی کارکنان لیبر یونینز، آجران، پیشہ ورانہ حفاظت/صحت کے گروپس، اور ریاست بھر میں موجود وکیل گروپس برائے کارکنان کے ساتھ بات کر کے ان کو ورکرز کمپنسیشن کے نظام کے بارے میں آگاہی فراہم کرتا ہے۔




**Workers' Compensation Board**
**The Advocate for Injured Workers**

328 State Street
Schenectady, NY 12305
(877) 632-4996
advinjwkr@wcb.ny.gov


وکیل برائے زخمی کارکنان ورکرز کمپنسیشن کے ان مسائل کی پریزینٹیشن بھی فراہم کرتا ہے جو کارکنان، لیبر یونینز، آجران، COSH گروپس، اور وکیل گروپس برائے کارکنان کے لیے اہم ہیں۔

آگاہی سیشن کے لیے وقت مقرر کرنے کی خاطر ای میل کریں۔

## اگر آپ ملازمت کے دوران زخمی یا بیمار ہوئے ہیں

جب کوئی **جائے کار پر ناگہانی چوٹ** وقوع ہو، تو آپ کو چاہیئے:

- کہ ابتدائی طبی مدد یا دیگر ضروری طبی علاج جتنا جلد ممکن ہو طلب کریں۔
- حادثے کی تاریخ کے بعد 30 دنوں کے اندر اپنے آجر کو اس چوٹ کی اطلاع تحریری صورت میں دیں۔
- اپنی چوٹ لگنے کی تاریخ کے بعد دو سالوں کے اندر NYS ورکرز کمپنیشن بورڈ (بورڈ) کے پاس دعویٰ دائر کروائیں؛ تاہم، بہتر یہی ہے کہ جلد از جلد دائر کریں۔

اگر آپ کی **کام سے متعلقہ بیماری** یا **پیشے سے لاحق ہونے والے مرض** کی تشخیص ہو جاتی ہے، تو آپ کو جلد از جلد ضروری طبی علاج طلب کرنا چاہیئے۔

کسی پیشے سے لاحق ہونے والے مرض کے لیے ورکرز کمپنیشن کے دعویٰ جات آپ معذور ہونے کے دو سالوں کے اندر، یا اس تاریخ کے دو سالوں کے اندر لازمی دائر کروائیں جب آپ کو معلوم ہوا یا نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کی جانب سے بتایا گیا کہ یہ حالت کام سے متعلق ہے۔

### دعویٰ دائر کرنا

**تیز ترین:** wcb.ny.gov ملاحظہ کریں اور **دعویٰ دائر کریں** منتخب کریں، اور ***ملازم کا دعویٰ (فارم C-3)*** کا ویب ورژن مکمل کریں تاکہ آن لائن فارم جمع کروایا جائے۔

اگر آپ کے ***فارم C-3*** کو دائر کرنے کے بارے میں کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم **(877) 632-4996** پر کال کریں اور ورکرز کمپنیشن بورڈ کا نمائندہ آپ کی مدد کرے گا۔

## اپنے دعوے کے بارے میں سوالات ہیں؟ (877) 632-4996 پر کال کریں

آپ سے درج ذیل معلومات طلب کی جائیں گی:

- آپ کا نام
- دائر کرنے کی صورت میں، آپ کا WCB کیس نمبر
- ٹیلیفون نمبر (ایریا کوڈ کے ساتھ) جس پر آپ سے رابطہ کیا جا سکے
- مسئلے کی مختصر تفصیل اور موصول ہونے والی کوئی بھی مراسلت

**کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ ورچوئل سماعتوں اور eCase کی مدد سے سماعتوں میں شامل ہو سکتے ہیں اور آن لائن دستاویزات اپ لوڈ/ملاحظہ کر سکتے ہیں؟**

مزید معلومات کے لیے **wcb.ny.gov** ملاحظہ کریں۔

## طبی نگہداشت

آپ کی چوٹ یا بیماری کے لیے منظور کی گئی تمام طبی نگہداشت کی ادائیگی آپ کے آجر کے بیمہ کار کی جانب سے کی جاتی ہے۔ چاہے آپ کا کام کرنے کا وقت ضائع ہوا ہے یا نہیں یہ نگہداشت احاطہ کی جائے گی۔ یہ رہ جانے والی اجرتوں کے لیے کسی بھی وظائف کے علاوہ ادا کیے جاتے ہیں۔

نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان کا بورڈ کی جانب سے مجاز کردہ ہونا لازم ہے۔ آپ بورڈ کی ویب سائٹ **wcb.ny.gov** پر یا دفتر برائے میڈیکل ڈائریکٹر کو **(800) 781-2362** پر کال کر کے مجاز کردہ نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان کی فہرست دریافت کر سکتے ہیں۔ آپ ان میں سے کسی بھی فراہم کنندہ کی جانب سے یا اپنے ذاتی معالج سے نگہداشت وصول کر سکتے ہیں اگر وہ مجاز کردہ ہیں۔

## وظائف برائے ضائع شدہ اجرتیں

علاج فراہم کرنے والے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کی جانب سے مناسب طبی دستاویز پر مبنی ورکرز کمپنیشن کے وظائف برائے ضائع شدہ اجرت قابل ادائیگی ہیں۔ وظائف آپ کی اوسط ہفتہ وار اجرت کے دو تہائی پر، چوٹ یا بیماری کی تاریخ سے 52 ہفتوں قبل کی آپ کی اجرت کی بنیاد پر ادا کیے جاتے ہیں، اور انہیں قانون کی طرف سے مجاز کردہ وظائف کی زیادہ سے زیادہ رقم سے تجاوز نہیں ہونا چاہیئے۔

ہر 1 جولائی کو وظائف کی زیادہ سے زیادہ رقم مرتب کی جاتی ہے۔ یہ گزشتہ کلینڈر سال کے لیے ریاست نیویارک کی اوسط ہفتہ وار اجرت پر مبنی ہے جیسا کہ کمشنر برائے لیبر سپرنٹنڈنٹ برائے انشورنس کو ہر سال 31 مارچ کو اطلاع دے۔*

اگر حادثے یا بیماری کے وقت آپ ایک سے زیادہ ملازمت پر کام کر رہے تھے، تو ان کو "بیک وقتی ملازمت" سمجھا جا سکتا ہے۔ اس صورت میں، ہر ملازمت سے ملنے والی اجرتوں کی اطلاع بورڈ کو دی جانی چاہیئے۔ اگر یہ "بیک وقتی ملازمت" ہے، تو آپ کی اوسط ہفتہ وار اجرت کا تعین کرنے کے لیے اجرتوں کو جمع کیا جا سکتا ہے۔

**اگر قانون میں نئے وظائف شامل کیے گئے ہیں تو زخمی کارکن کو ملنے والے وظائف کی شرح (چوٹ کی تاریخ سے تعین کردہ) میں اضافہ نہیں ہوتا۔*

*ورکرز کمپنیشن میں دھوکہ دہی ایک کلاس E جرم ہے، جس کی سزا چار سال تک قید اور $5,000 جرمانے کی صورت میں دی جا سکتی ہے۔*

## یاد رکھیں: حفاظت ہمیشہ مقدم ہے

**بہترین حادثہ وہ ہے جو کبھی وقوع پذیر نہ ہو۔**

نیو یارک اسٹیٹ ورکرز کمپنیشن بورڈ وظائف کی مناسب فراہمی کو یقینی بنا کر اور قانون کی تعمیل کو فروغ دے کر ملازمین اور آجروں کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ ورکرز کمپنیشن بورڈ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، wcb.ny.gov ملاحظہ کریں۔